© rasailojaraid.com

حکیم زبیری صاحب نے ۱۹۳۲ء سے ۱۹۷۶ء تک کے ۸۵ فائیلوں کا اشاریہ مرتب کرکے سامنے رکھ دیا ہے۔ اب ہر قسم کے محققین اور طلبہ کے لیے یہ آسانی ہوگئی ہے کہ وہ کسی بھی اختیار کردہ موضوع سے متعلق ترجمان القرآن کے ۴۴ سالہ دور کے مضامین و مندرجات سے مواد جمع کرسکتے ہیں۔

واضح رہے کہ یہ کوئی عام مطالعہ کی کتاب نہیں ہے، بلکہ انڈکس یا فہرست ہے۔ اس کی ضرورت لائبریریوں، دفتروں، تحقیقی اور علمی اداروں کو ہے، یا ایسے پروفیسروں، وکلاء، صحافیوں اور لکھنے والوں کو ہے جن کے لیے اس قسم کے انڈکسوں سے مدد لینا ضروری ہو جاتا ہے۔

---

**SACRIFICE** از خرم جاہ مراد ۔ ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳ لندن روڈ لاسٹر (LE2 1ZE) انگلینڈ۔ اعلیٰ یورپین طباعت، خوبصورت سرورق، قیمت نامعلوم۔

نہایت دلکش انگریزی زبان اور موثر انداز بیان میں فاضل مؤلف نے یہ حقیقت واضح کی ہے کہ دین سراسر قربانی یا قربانیوں کے ایک سلسلے کا نام ہے۔ "دین سراپا سوختن اندر طلب"۔ خواہشوں کی قربانی، باطل فکر کی قربانی، رسموں کی قربانی، مال کی قربانی، آرام کی قربانی، وقت کی قربانی، رائے کی قربانی، جذبات کی قربانی، رشتوں اور محبتوں کی قربانی اور آخری حد یہ کہ جان کی قربانی۔ ایمان کے معنی ہی ایک جد وجہد اور کشمکش میں پڑنے کے ہیں۔ اور مسلمان صحیح معنوں میں مسلمان بنتا ہی تب ہے جب وہ اس کشمکش سے صبر کے گزرتے ہوئے قربانیاں دیتا ہے۔ اس سارے پمفلٹ کے مندرجات مجھے لوٹا کر اس جملے تک لے گئے کہ "تم اسلام میں زبان سے "شہادت" ادا کرتے ہوئے داخل ہوتے ہو۔ لیکن تمہارا اسلام میں رہنا اس پر منحصر ہے کہ تم شہادت پر عمل پیرا ہو جاؤ"۔ (ص ۵)

اس پمفلٹ میں اتنی دعوتی و اصلاحی قوت ہے کہ یہ پڑھنے والے کو ہلا دیتا ہے۔

---

**اسلامی قیادت** از خرم جاہ مراد ۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، لاہور، صفحات: ۹۶ قیمت: ۱۱/۲۵ روپے۔

مؤلف کی حالیہ مطبوعات نے یہ تاثر پیدا کیا ہے کہ وہ منظم و منصرم ہونے کی صلاحیتوں سے زیادہ شاید لکھنے کی استعداد رکھتے ہیں، خصوصاً دعوتی اور تعمیری و اصلاحی لٹریچر کی تیاری کے لیے ان کا

© rasailojaraid.com